www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

ABC Certified

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | جمعرات، 30 اکتوبر 2025ء بمطابق 07 جمادی الاول 1447ھ | شمارہ 96 | قیمت 10 روپے

فورسز کی کرم میں کارروائی، 7 خوارج ہلاک، کیپٹن اور 5 جوان شہید

ضلع کرم میں بھارتی پراکسی فتن الخوارج کے دہشت گردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاع پر کارروائی کی گئی

پاک فوج کے کیپٹن نعمان سلیم، حوالدار امجد علی، نائیک وقاص احمد، سپاہی اعجاز علی، ولید اور شہباز کے ساتھ شہادت کے رتبے پر فائز ہوگئے

دہشتگردوں کے خاتمے کیلئے آپریشن جاری ہے، انسداد دہشت گردی کی عزم استحکام مہم پورے عزم کے ساتھ جاری ہے، آئی ایس پی آر

بیان کے مطابق سنگین وارفورسز نے ضلع کرم کے علاقے ڈوگر میں بھارتی حمایت یافتہ فتن الخوارج کے دہشت گردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاع کی بنیاد پر کارروائی کی۔ بیان میں کہا گیا کہ کارروائی کے سنگین رخی ابلاکاروں نے بھرپور کارروائی کرتے ہوئے 7 خوارج کو ہلاک کردیا۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ دہشت گردوں سے فائرنگ کے تبادلے کے دوران پاک فوج کے 5 ابلاکار شہید ہوئے۔ پاک فوج کے 24 سالہ کیپٹن نعمان سلیم دیگر 5 ابلاکاروں کے ساتھ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

بلاک کردیا جبکہ فائرنگ کے تبادلے میں کیپٹن سمیت پاک فوج کے 6 ابلاکار شہید ہوئے۔ پاک فوج کے شہید تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری

کرم (نائندہ ڈیسک) سنگین رخی فورسز نے خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں بھارتی پراکسی فتن الخوارج کے خلاف کارروائی کرکے 7 دہشتگردوں کو

سرحدی خلاف ورزی پر افغانستان کے اندر جا کر جواب دینا پڑا تو دینگے

وزیر دفاع

اگر طالبان رجیم لڑنے کی کوشش کرے گی تو دنیا دیکھے گی کہ ان کی دھمکیاں صرف دکھاوا تھیں، پاکستان اپنی سرزمین پر کسی بھی دہشت گردانہ یا خودکش حملے کو برداشت نہیں کرے گا اور کسی بھی مہم جوئی کا جواب سخت اور کڑا ہوگا

طالبان رجیم کو ختم کرنے یا انہیں غاروں میں چھپنے پر مجبور کرنے کیلئے پاکستان کو اپنی پوری طاقت استعمال کرنے کی ہرگز ضرورت نہیں، افغان طالبان اپنے انجام کا حساب رکھیں، پاکستان کو آزمانا مہنگا ثابت ہوگا: خواجہ آصف

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ طالبان رجیم کو جانے کہ اپنے انجام کا حساب ضرور کریں، پاکستان کے عزم اور صلاحیتوں کو آزمانا طالبان کیلئے بہت مہنگا ثابت ہوگا، کسی بھی مہم جوئی کا جواب سخت ہوگا، ہم طالبان کو دوبارہ غاروں میں دھکیلنے کی صلاحیت

رکھتے ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے استطال مذاکرات کے بے نتیجہ ہونے پر کہا ہے کہ

افغان طالبان رجیم مسلسل برادر ممالک سے مذاکرات کیلئے درخواست کر رہی تھی اور برادر ممالک کی درخواست پر پاکستان نے افغان

طالبان رجیم کے ساتھ امن کی خاطر مذاکرات کی پیشکش کو قبول کیا۔ انہوں نے کہا کہ بعض افغان حکام کے زیر بیانات یہ ظاہر کرتے ہیں کہ

طالبان رجیم میں اختیار اور بھروسہ دی بتدریج موجود ہے، پاکستان یہ واضح کرتا ہے کہ طالبان رجیم کو ختم کرنے یا انہیں غاروں میں چھپنے پر مجبور

کرنے کیلئے پاکستان کو اپنی پوری طاقت استعمال کرنے کی ہرگز ضرورت نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر ضرورت پڑی تو ہم انہیں تورا بورا جیسے مقامات پر

کشت دے کر لوگوں کیلئے مثال بنا سکتے ہیں جو اقوام عالم کیلئے دلچسپ منظر ہوگا، افسوس ہوتا ہے کہ طالبان رجیم صرف اپنی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

26ویں ترمیم نے ہمارے ججوں کو مفلوج کر دیا

سہیل آفریدی

قانون کی بالادستی اور آزاد عدلیہ اور آزاد میڈیا کی بحالی کے لیے متحد ہو کر کام کرنا ہوگا، ہم ان سب کے لیے مل کر کام کریں گے

ہم نے پاکستان میں رول آف لا کو نافذ کرنا ہے، ہم پہلی سے لے کر بائیسویں ترمیم تک یکساں تعلیمی نظام لا رہے ہیں، سہیل آفریدی

سنا ہے کہ میں یہاں بار کونسل کے انتخابات پر اثر انداز ہونے کے لیے آ رہا ہوں، میں یہاں صرف رول آف لا کے لیے آیا ہوں

اگر کوئی یہ کہہ رہا ہے آگ لگی ہوئی ہے اور میرا گھر نہیں جلے گا تو اس کی سوچ ہے گھر اس کا بھی جلے گا، وزیراعلیٰ کے پی کا خطاب

پشاور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ 26ویں ترمیم نے ہمارے ججوں کو مفلوج کر دیا، اگر آج کوئی یہ کہہ رہا ہے کہ آگ لگی ہوئی ہے اور میرا گھر نہیں جلے گا تو ان کی سوچ ہے ان کے بھی گھر جلیں گے۔ پشاور میں وکلا کی تقریب سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ پارلیمان اور نظریہ چلتے رہیں گے مگر پاکستان میں جس طرح رول آف لا کو کچلا جا رہا ہے اور

پشاور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ 26ویں ترمیم نے ہمارے ججوں کو مفلوج کر دیا، اگر آج کوئی یہ کہہ رہا ہے کہ آگ لگی ہوئی ہے اور میرا گھر نہیں جلے گا تو

ان کی سوچ ہے ان کے بھی گھر جلیں گے۔ پشاور میں وکلا کی تقریب سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ پارلیمان اور نظریہ چلتے رہیں گے مگر پاکستان میں جس طرح رول آف لا کو کچلا جا رہا ہے اور

سہیل آفریدی

ای چالان کا نفاذ: ایم کیو ایم کی سندھ اسمبلی میں تحریک التوا جمع

ٹوٹی پھوٹی سڑکیں شدید مشکلات اور حادثات کا باعث بن رہی ہیں

شہریوں کے پاس عوامی فرانسپورٹ کے قابل عمل آپشن موجود نہیں، انجینئر عادل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہریوں برائی چالان کے نفاذ کا معاملہ سندھ اسمبلی پہنچ گیا، ایم کیو ایم نے سندھ اسمبلی میں تحریک التوا جمع

کراچی کے تعصبات کے مطابق کراچی میں شہریوں پر ای چالان کے نفاذ کے خلاف ایم کیو ایم پاکستان کے رکن سندھ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف ترکیہ کے جمہوری دن پر منعقدہ تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں

پی ٹی آئی وفد کی مولانا فضل الرحمان سے ملاقات

وفد نے مولانا سے پارلیمنٹ میں اپوزیشن کا حصہ بننے کی اپیل کی

ملاقات میں محمود خان اچکزئی کے بطور اپوزیشن لیڈر نامزدگی پر بھی اتفاق کیا گیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے وفد کی جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ملاقات ہوئی ہے

جس میں محمود خان اچکزئی کے بطور اپوزیشن لیڈر نامزدگی پر اتفاق کیا گیا۔ پی ٹی آئی کا وفد اسلام آباد میں مولانا فضل ..... بقیہ صفحہ 32 نمبر

ریاض: وزیراعظم شہباز شریف سے ریاض سے روانگی پر ڈپٹی گورنر ریاض الوداع کر رہے ہیں



سہیل آفریدی لہجہ درست کر لیں تو شاید مشکلات حل ہو جائیں، رانا ثناء

اسلام آباد (نائندہ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کے مشیر برائے سیاسی امور، سینیٹر رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی اپنا لہجہ اور الفاظ درست ..... بقیہ صفحہ 46 نمبر

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے ایس ایس جی کا وفد کمانڈر ایل حسین ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم آزاد کشمیر نے مستعفی ہونے کے لئے شرط عائد کر دی

مظفر آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق نے مستعفی ہونے کے لئے شرط عائد کر دی۔ ذرائع کے مطابق چوہدری انوار الحق نے حالی وزراء اور ..... بقیہ صفحہ 45 نمبر

چوہدری یاسین نئے وزیراعظم آزاد کشمیر، پیپلز پارٹی نے منظوری دیدی

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں تحریک عدم اعتماد بھی کل 24 گھنٹے میں پیش کیے جانے کا امکان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) آزاد کشمیر میں ان ہاس تبدیلی کا معاملہ، پیپلز پارٹی نے وزیراعظم کے امیدوار کا نام فائنل کرلیا۔ ذرائع کے مطابق مرکزی قیادت نے وزارت عظمیٰ کیلئے چوہدری یاسین کی منظوری دے دی، چوہدری یاسین کا نام

بادل بھنو کے ساتھ اجلاس میں انہیں کیا گیا۔ پیپلز پارٹی آزاد کشمیری قیادت اجلاس میں موجود تھی، پیپلز پارٹی میں وزارت عظمیٰ کے لئے چار ناموں پر غور ہوا رہا تھا۔ ذرائع کے مطابق وزارت عظمیٰ کی فہرست ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

سہیل آفریدی کا توہین عدالت کیس دائر کرنے کیلئے عدالت کو خط

اسلام آباد ہائی کورٹ نے وزیراعلیٰ کو ہائی ڈیمینر میں پی ٹی آئی سے ملاقات کا حکم دیا تھا، خط

پشاور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے توہین عدالت کیس دائر کرنے کے لیے عدالت کو خط لکھ دیا۔ خط میں کہا گیا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ نے وزیراعلیٰ کو ہائی ڈیمینر میں پی ٹی آئی سے ملاقات کا حکم دیا تھا، خط

نے وزیراعلیٰ کو مطلع کی اجازت نہیں دی۔ وزیراعلیٰ نے کے پی نے خط میں کہا کہ تصدیق شدہ کاپی کے حصول کے لیے درخواست پہلے ہی جمع کرائی جا چکی ہے، تاہم اب تک تصدیق شدہ کاپی فراہم نہیں کی گئی۔ خط میں کہا ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

چیئرمین نیب: اصول بنا لیا ہے کسی کی پگڑی نہیں اچھالیں گے

نیب نے اڑھائی سال میں 8 ہزار 397 ارب روپے کی ریکارڈ ریکوری کی، 23 سال کے دوران 883 ارب روپے ریکور کئے

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے بیان پر تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے، کسی وزیر یا پارلیمنٹیرین کو طلب نہیں کرتے، چیئرمین نیب

ہمارا مقصد خوف و ہراس پیدا کرنا نہیں ان لوگوں کو پکڑنا ہے جو قومی اثاثوں کی لوٹ مار میں ملوث ہیں، لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد

اسلام آباد (ویب ڈیسک) قومی احتساب بیورو (نیب) کے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے کہا ہے کہ اصول بنا لیا ہے کہ کسی کی پگڑی نہیں اچھالیں گے۔ چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد کا اسلام آباد کے سینئر صحافیوں کے ساتھ پہلا باقاعدہ مکالمہ ہوا، اس

ملاقات میں ڈپٹی چیئرمین نیب جسٹس (ر) سہیل ناصر، ڈی جی نیب ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

سیاست یا مذہب کی آڑ میں انتہا پسندی قبول نہیں، مریم نواز

سکیورٹی بلاکوں کو خوارج کے نام پر احتجاج کے دوران گولی ماری گئی، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا ہے کہ سیاست یا مذہب کی آڑ میں انتشار پھیلانے والوں کو کسی صورت برداشت نہیں کریں گے، ہم کسی کو ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، ہر ادارے کا اپنا دائرہ کار ہے، ہر ایک کو اپنے دائرے میں رہ کر کام کرنا ہوگا، ہم کسی کو ریاست کے اندر ریاست بنانے کی اجازت نہیں دیں گے، ہم نے ہمیشہ ہر مسئلے کو بات چیت سے حل کیا ہ

Daily Pakistan Bulletin Karachi
ABC Certified
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | شیئرنگ ایڈیٹر: کاشف مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے آل اسعد پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر شائع کیا۔ فیز 42، فیز 7 فلور، ہیڈ آفس: بنگلہ نمبر 5، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی میں شائع کیا۔
021-35210448 | 021-35210448
021-36450295
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

استنبول مذاکرات کا تیسرا دور

پاکستان اور افغان طالبان کے مابین استنبول مذاکرات کا تیسرا دور اس خطے کے امن و سلامتی کے لیے اہم موڑ ثابت ہو سکتا ہے، مگر افغان طالبان کا تحریری معاہدے سے گریز اور لچک کا فقدان اس عمل کو پیچیدہ بنا رہا ہے۔ پاکستان کی فریق کے طور پر واضح شرط یہ ہے کہ کالعدم تنظیم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے خلاف ٹھوس اور یقینی اقدامات کیے جائیں ورنہ یہ مذاکرات کے مقصد ہی سے معنی ہو جائے گا۔ اس پس منظر میں مذاکرات کے ڈائن اور ترک انٹیلی جنس کے چیف ابراہیم قالن کی موجودگی ایک موقع فراہم کرتی ہے مگر اصل کامیابی طالبان کے موثر اور مثبت رویے پر منحصر ہے۔ پاکستان کا موقف منطقی اور وفاقی بنیادوں پر برقرار ہے کہ افغان سرزمین کو کسی بھی قسم کی دہشت گردی کے لیے پناہ گاہ نہیں بنایا جانا چاہیے اور خوارج یعنی دہشت گرد گروہوں کی سرپرستی فوراً ختم کی جانی چاہیے۔ یہ مطالبہ محض سفارتی زبان نہیں بلکہ پاکستان کی بقا اور عوامی سلامتی کا لازمی تقاضا ہے۔ گزشتہ برسوں میں ٹی ٹی پی کی جانب سے پاکستان میں جاری دہشت گردانہ کارروائیوں نے بے شمار بے گناہ شہریوں کی جانیں لی ہیں، افغار سرحد پر کھڑا کیا اور معاشی ترقی کو بری طرح متاثر کیا۔ البتہ اس مسئلے پر زبانی قرار مفاد کے خلاف ہوگی۔ دوسری جانب، افغان طالبان کے جواز کا سامنے آئے ہیں وہ بسا اوقات زمینی حقائق سے منہ موڑ لیتے دکھائی دیتے ہیں۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ان کا کوئی دور اندیش فیصلہ کار فراہے ہے جو افغانستان، پاکستان اور پورے خطے کے استحکام کے خلاف جا سکتا ہے۔ یہ خدشہ بےبنیاد ہے لیا جانا چاہیے کیونکہ خطے میں امن کا تقاضا یہی ہے کہ سرحدی سلامت کا احترام ہو اور کسی بھی دہشت گرد گروہ کو پناہ میسر نہ ہو۔ مذاکرات میں دوست ممالک کی کوششیں قابل قدر ہیں مگر جب تک طالبان عملیت پسندی نہیں دکھائیں گے محض بیانات امن یقینی نہیں بنا سکیں گے۔ عملی طور پر پیشرفت کے لیے چند واضح اقدامات ضروری ہیں: اول، طالبان کو ٹی ٹی پی کے ٹھوس نیٹ ورک کو توڑنے اور اس کے رہنماؤں، مالی اور لاجسٹک ذرائع کی نشاندہی و گرفتاری میں تعاون کرنا ہوگا؛ دوم، افغان سرزمین سے پاکستان کے خلاف استعمال ہونے والی ہر کارروائی کا نظام قائم کیا جائے؛ سوم، ثالثی اور دوست ممالک کی مدد سے ایک شفاف نگران میکنزم وضع کیا جائے جو خلاف ورزی کی صورت میں فوری کارروائی کی راہ ہموار کرے؛ چہارم، جاری مذاکرات میں تحریری طور پر ذمہ داریوں کا تعین ہو تاکہ آئندہ کسی صورت بھی انکار کی گنجائش نہ رہے۔ مذاکرات میں پیشرفت صرف اسی صورت ممکن ہے جب طالبان اپنا رویہ تبدیل کریں گے عملی اصلاحات دکھائیں۔ پاکستان اپنے اصولی موقف پر قائم ہے کہ سلامتی اور بقا پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ اگر طالبان اور افغان حکومت واقعی امن اور استحکام کے لیے واقعی سنجیدہ ہیں تو وقت ضائع کیے بغیر ٹھوس اقدامات کریں ورنہ پاکستان اپنے دفاعی اور قانونی اختیارات کے تحت کارروائی کرے گا۔ خطے کی دو بڑی قوتوں اور عوام کی فلاح کے لیے یہ لازم ہے کہ مذاکرات کا ہر مرحلہ شفاف اور قابل عمل نتیجہ پر منتج ہو۔

سی پیک کا دوسرا مرحلہ، وزیراعظم نے کمر کس لی

خطانت، بھاری سی پیک کو ٹھوس مدد سے شروع کرنے میں کامیاب ہوں گے۔

موجودہ حکومت سی پیک کے تحت تمام منصوبوں اور معاہدوں کی تکمیل کے لیے پُرعزم ہے، سی پیک پاکستان کی معاشی ترقی کو فروغ دینے کے لیے ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ سی پیک پاکستان اور چین کی کئی دہائیوں پر محیط قریبتی اور مضبوط تعلقات کا مظہر ہے۔ موجودہ حکومت کی کاوشوں سے سی پیک اب دوسرے مرحلے میں داخل ہو گیا ہے، جس میں تعلیم اور زرعی تعاون، گوادر کی ترقی اور سماجی و اقتصادی ترقی پر توجہ کی جائے گی، جس کے دور رس مثبت نتائج حاصل ہوں گے اور معاشی ترقی کی راہ ہموار ہوگی۔ سی پیک کے دوسرے مرحلے میں نصرف اس منصوبے کے دائرہ کار کو بڑھایا جائے گا بلکہ روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جائیں گے اور ملک کی مجموعی ترقی کو تیز کیا جائے گا۔ چین کے ساتھ قریبی تعاون کو مزید گہرا کیا جائے گا، جس میں اقتصادی، تجارتی اور ثقافتی شعبوں میں تعاون کو وسعت دی جائے گی، جس میں زراعت کے شعبے میں تعاون کو ترجیح دی جائے گی۔ اس کے علاوہ، پاکستان سنگل ونڈو سسٹم جیسے منصوبے متعارف کرانے کی کوشش کی جائے گی، جس سے تجارت اور سرمایہ کاری کے عمل کو آسان بنایا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ سی پیک کے دوسرے مرحلے میں داخل ہونے کا فیصلہ ملک کے وسیع تر مفاد میں ہے، جس میں زراعت، توانائی اور ٹیکنالوجی جیسے اہم شعبوں پر توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک کے دوسرے مرحلے میں پاکستان کی صنعتی ترقی کو فروغ دینے کے لیے خصوصی اقتصادی زونز قائم کیے جائیں گے، جس سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور ملک کی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ سی پیک کے دوسرے مرحلے میں چین کے ساتھ زراعت کے شعبے میں تعاون کو وسعت دی جائے گی، جس میں زراعت کے مختلف شعبوں میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال بڑھانا اور پیداوار میں اضافہ کرنا شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی طرف سے زراعت منصوبہ بندی ترقی و اصلاحات کا کلیدی کردار ہے، جو کہ دوطرفہ تعاون کو مزید گہرا کرے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ سی پیک منصوبوں کو دوبارہ شروع کرنے کے لیے ای سی سی کی کمیٹی کردار ادا کرے گی، جس میں زراعت کے مختلف شعبوں میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال بڑھانا اور پیداوار میں اضافہ کرنا شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک کے دوسرے مرحلے میں پاکستان کی صنعتی ترقی کو فروغ دینے کے لیے خصوصی اقتصادی زونز قائم کیے جائیں گے، جس سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور ملک کی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ سی پیک کے دوسرے مرحلے میں زراعت کے شعبے میں تعاون کو وسعت دی جائے گی، جس میں زراعت کے مختلف شعبوں میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال بڑھانا اور پیداوار میں اضافہ کرنا شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی طرف سے زراعت کلیدی شعبہ

بقیہ نمبر 01

کرتے ہوئے کہا کہ ادارے کے ملازمین کے مسائل کے حل اور کے ڈی اے کی عملی بھلائی ہماری اولین ترجیح ہے۔ ہم سب کو مل کر ادارے کو دیوالیہ ہونے سے بچانا ہے۔ ملاقات کے دوران ممبر ایمپلائمنٹ پروموشن شکیل صدیقی، سیکرٹری کے ڈی اے اشرف خان، ایسٹیٹ آفیسر کنیز فاطمہ، ڈپٹی ڈائریکٹر مراد علی شاہ، ڈپٹی ڈائریکٹر انڈسٹریل ایریا پارس حاجی شکیل احمد خان، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹاؤن سیکل پارس حاجی شکیل احمد خان، ڈپٹی ڈائریکٹر فائن سیکل پاسلا، ڈپٹی ڈائریکٹر انجینئرنگ سلمان اللہ شرافت، ڈپٹی ڈائریکٹر ہی ایم آئی کاشف صدیقی، ہی ایم آئی سیکرٹری ایڈیشنل آصف نعیم، ڈپٹی سیکرٹری جنرل عمر فاروق بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 02

جاری ہے اور اس عمل کے لیے صوبوں کی رضامندی کا حتمی فیصلہ 19 مارچ کو ایم کیو ایم کی مرکزی اور شعبہ کے مطابق تحریک انصاف کی کوششوں میں ہمارے بھی ساتھ ہیں۔ ہم نے سندھ کے عوام اور پارٹنر جماعت کے ساتھ مل کر اس کی مخالفت کی اور کہا کہ ایسا کوئی بھی فیصلہ قابل قبول نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایوان میں موجود تمام جماعتوں کے نمائندوں نے اس تجویز کو مسترد کیا اور کہا کہ ایسا کوئی بھی فیصلہ ہمیں قبول نہیں ہوگا۔ ہم

سستی توانائی کی فراہمی صنعتی سرگرمیوں کے فروغ کو یقینی بنایا ہے

خرم شہزاد

کراچی: پانچویں پاکستان فیوچر آف رئیل برنس سمٹ اینڈ ایکسپو میں شرکا کا منظر

حکومت نے افراطِ زر کو اوسطاً 5 فیصد تک کم کیا، ٹیکس، توانائی کی قیمتوں اور بین الصوبائی تجارت میں اصلاحات کے مثبت نتائج اب ظاہر ہو رہے ہیں

مشیر خزانہ خرم شہزاد کا پانچویں پاکستان فیوچر آف رئیل برنس سمٹ اینڈ ایکسپو میں حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے پر زور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے بدھ کے روز کراچی میں منعقدہ پانچویں پاکستان فیوچر آف رئیل برنس سمٹ اینڈ ایکسپو کا افتتاح کیا۔ اس سال کی تقریب کا موضوع تھا: "تبدیل ہوتے ہوئے دور میں ریئل اسٹیٹ، پاکستان کی تجارت میں متبادلی کی تعمیر"۔ اقتصادی اجلاس سے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے، جناب خرم شہزاد نے حکومت کے جامع اصلاحاتی ایجنڈے کو اجاگر کیا، جس کا مقصد معیشت کو مستحکم کرنا، نجی سیکٹر کو وسیع کرنا، برآمدات کو فروغ دینا، اور کیش لیس معیشت کی جانب منتقلی کو تیز کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی پالیسیاں ایک شفاف، دستاویزی اور ترقی پر مبنی معیشت کے قیام کے لیے بنائی گئی ہیں، جو کہ ذمہ داری، افتواد، صنعتی بحالی اور طویل المدتی سرمایہ کاری کو فروغ دے گی۔ جناب شہزاد نے کہا کہ پاکستان کی معیشت اب ایک اہم موڑ پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی پالیسیاں ایک شفاف، دستاویزی اور ترقی پر مبنی معیشت کے قیام کے لیے بنائی گئی ہیں، جو کہ ذمہ داری، افتواد، صنعتی بحالی اور ڈیجیٹل شمولیت کو فروغ دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو تیز رفتار ترقی کے لیے صاف اور شفاف معیشت کی ضرورت